علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1 - تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2 - سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3 - ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کورس:اصول تحقیق(1922)
سمسٹر:خزاں2026ء
سطح:بی ایس علوم اسلامیہ
کل نمبر:100
کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-4)

سوال نمبر1۔ تحقیق کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم تحریر کریں نیز تحقیق کی اقسام پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ تحقیقی مقالے کے لیے موضوع کا انتخاب اور خاکہ سازی کے مراحل کیا ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ حصول مواد کے ذرائع اور طریقے کون کون سے ہیں؟ بنیادی ماخذ سے استفادہ میں سائنسی اصول کی وضاحت کریں، نیز تحقیقی مواد کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ املا اور ہجا کا مفہوم واضح کریں، نیز مرکب الفاظ کی املا پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ کمپوزنگ کسے کہتے ہیں؟ نیز کمپوزنگ کے لوازمات اور پیش آمدہ مسائل پر نوٹ لکھیں۔ نیز رموز او قاف کی ضرورت و اہمیت پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100
کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5-9)

سوال نمبر1۔ محقق کو حوالہ نگاری میں کن امور کو پیش نظر رکھنا ہوتا ہے؟ تفصیلا بیان کریں۔ نیز حوالہ جات میں استعمال ہونے والے رموز و اختصارات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اعلیٰ تعلیمی کمیشن کی جانب سے مجلہ کے مدیر کی جن ذمہ داریوں کا تعین کیا گیا ہے؟ ان پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اقتباس کا مفہوم واضح کریں، نیز اقتباس کی ضرورت و اہمیت پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ کتابیات کا مفہوم واضح کریں، نیز کتابیات کے اندراج میں کن امور کا خیال رکھنا ضروری ہے؟ جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اشاریہ سازی سے کیا مراد ہے؟ نیز تحقیقی اشاریہ کو کن اوصاف سے متصف ہونا چاہیے؟ جامع نوٹ لکھیں۔ (20)